17/05/2025

07.45 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*....... پاکستان کی دہشت گردی کے خلاف آپریشن سندور کے تناظر میں بھارت کا موقف مختلف ممالک کے سامنے رکھنے کےلئے7کُل جماعتی وفود ان ملکوں میں بھیجنے کا حکومت کا فیصلہ۔

*....... لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کرناہ سب ڈویژ ن میں سرحد پار کی شیلنگ سے متاثرہ علاقوں کا کیا دورہ // لوگوں کے مسائل اور ترقیاتی ضروریات کا لیا جائزہ ۔

*....... وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے عام لوگوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کا دہرایا عزم

اور

*....... ہائپر ٹنشن بیماری سے متعلق بیداری پیدا کرنے کا عالمی دن آج۔

وفود

سرکار نے پاکستان کی عیانت والی دہشت گردی کے خلاف آپریشن سندور کے تناظر میں بھارت کا موقف پیش کرنے کےلئے7کُل جماعتی وفود مختلف ممالک میں بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ وفود اس ماہ کے آخر میناقوام متحدہ کے ممبر ملکوں سمیت کلیدی شراکت دار ملکوں کا دورہ کریں گے۔ یہ کُل جماعتی وفود تمام صورتوں کی دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کےلئے بھارت کی حکمت عملی اور عزم کو اُجاگر کریں گے۔ ان وفود کی قیادت بی جے پی کے روی شنکر پرساد کی کنی موزھی DMKکے سنجے کمار جھا، JDUاور بیجاینت پانڈا، کانگریس کے ششی تھرور، اور شیوسینا کے شری کانت ایکناتھ شنڈے کریں گے۔Sule کی سپریاNCPکروناندھی،

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج کپوارہ ضلعے کے کرناہ سب ڈویژن میں لائن آف کنٹرول کا دورہ کر کے وہاں موجودہ صورتحال کے ساتھ ساتھ سلامتی اور ترقیاتی اقدامات کا جائزہ لیا۔ اس دوران وہاں سرحد پار کی شیلنگ سے متاثرہ متعدد لوگوں نے ایل جی کے ساتھ ملاقات کی اور اپنے مسائل انکی نوٹس میں لائے۔ منوج سنہا نے ٹنگڈار میں سیول اور پولیس افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران علاقے کی سلامتی صورتحال اور ترقیاتی منظر نامے کا جائزہ لیا۔ انہوننے وہاں فوج اور پولیس اہلکاروں کے ساتھ بات چیت کی اور انکے کام کی ستائش کی۔ بعد میں میڈیا کے ساتھ بات کر تے ہوئے ایل جی نے کہا۔

منوج سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سکیورٹی سے متعلق اخراجات کے تحت دیئے جانے والے ایکسگریشا ریلیف بڑھانے کو منظوری دی ہے۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ نے کہا ہے کہ انکی حکومت کے لوگوں کے جائز مطالبات کو پورا کرنے کی و عدہ بند ہے۔ رابطہ دفتر سرینگر میں آج عوامی وفود کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ بہتر حکمرانی کا راز لوگوں کے مسائل سننے اور انکی راحت رسانی کرنے میں ہی مضمر ہے۔ وادی کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے وفود نے اپنے اپنے مسائل اُجاگر کئے۔وزیر اعلیٰ نے انہیں یقین دلایا کہ تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

بی جے پی اوڑی

بی جے پی جموںو کشمیر کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول کی قیادت والے ایک وفد نے آج اوڑی بارہمولہ کا دورہ کر کے وہاں سر حد پار کی شیلنگ سے متاثرہ لوگوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ سینئر بی جے پی لیڈر اور جموںو کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی بھی انکے ہمراہ تھیں۔ وفد نے لوگوں کے مسائل غور سے سنے اور یقین دلایا کہ انکے معاملات کو اعلیٰ حکام کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔ ان لیڈروں نے شیلنگ سے متاثرہ لوگوں میں ریلیف کٹ بھی تقسیم کئے۔ متاثرین کی بازآبادی کاری کے حوالے سے درخشاں اندرابی نے کہا۔

----

انہوں نے آپریشن سندور کے بارے میں اپنے خیالات کا یوں اظہار کیا۔

----- ---

سندور

22 اپریل کے پہلگام حملے کے رد عمل مینبھارت نے جو آپریشن سندور عمل میں لایا، اُس کی کامیابی پر سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے الگ الگ انداز میں اپنے خیالات کااظہار کیا ہے۔

جموں مینمقیم ایک کشمیری نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کر تے ہوئے اپنے خیالات کا یوں اظہار کیا۔

---- ---

کولگام ریلی

آپریشن سندور کی کامیابی اور بھارتی مسلح افواج کی بہادری کو اُجاگر کرنے کےلئے ملک بھر میں ترنگا ریلیوں کا انعقاد جا ری ہے۔ اسی سلسلے کے تحت آج بی جے پی کی طرف سے کولگام میں ایک ترنگا ریلی نکالی گئی جس میں بی جے پی سہہ پرباری رفیق احمد وانی، بی جے پی ضلع صدر کولگام فاروق احمد اشموجی سمیت سینکڑوں کی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

پرم ویرچکر

آپریشن سندور کی کامیابی پر قوم ہتھیار بند فوج کو خراج تحسین پیش کر رہی ہے۔ آکاشوانی نیوز نے بھی بہادر فوجی جوانوں کو خراج پیش کرنے کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ آج ہم پرم ویرچکر ایوارڈ یافتہ رائفل مین سنجے کمار کو یاد کر رہے ہیں۔

پیش ہے ہمارے دلی کے نمائندے کی یہ رپورٹ۔

----

جا وید رانا

قبائلی امور کے وزیر جا وید رانا نے آج راجوری کا دورہ کر کے وہاں موجودہ صورتحال اور ریلیف اقدامات کا جائزہ لیا۔

روویندر رینہ

پر کلال گاؤں کا دورہ LOC بی جے پی کے ایک سینئر لیڈر روویندر رینہ نے آج نوشہرہ میں کرکے وہاں شیلنگ سے متاثرہ لوگوں کے ساتھ بات چیت کی۔ اس موقعے پر انہوں نے گاؤں کے لوگوں کی بہادری اور عزم کی تعریف کی ۔ انہوننے لوگوں کو یقین دلایا کہ انکے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

ہائپر ٹنشن

آج ہائپر ٹنشن بیماری سے متعلق بیداری کا دن ہے۔ آج کے دن اس بیماری سے بچنے سے متعلق احتیاطی تدابیر اور علاج و معالجے کو اُجاگر کیا جاتا ہے۔ ماہرین طب نے کہا ہے کہ پوری دنیا میں ہائپر ٹنشن بیماروں میں لگا تار اضافہ ہو رہا ہے تاہم طرز زندگی میں بدلاؤ لانے سے اس بیماری سے بچا جا سکتا ہے۔ اس تعلق سے گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر کے کاڈیالوجی شعبے کے سربراہ اور معروف کاڈیالوجسٹ ڈاکٹر   خالد محی الدین نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

دن

آج پوری دنیا میں ورلڈ ٹیلی کمیونکیشن اینڈ انفارمیشن سوسائٹی کا دن منایا جا رہا ہے۔ اس سال Gender Equality in Digital Transformation. اس دن کا موضوع ہے۔ اس دن کی اہمیت کے بارے میں نیشنل انسٹی چیوٹ آف ٹیکنالوجی سرینگر کی انچارج ڈائریکٹر پروفیسر روحی ناز نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

کولگام

کے اشتراک سے ایک Inclusive Insights Foundation گورنمنٹ ڈگری کالج کولگام میں آج سمینار منعقد ہوا۔ سمینار میں سماجی طور خاص افراد کے مسائل پر تفصیل سے غور کیا گیا۔ تقریب کے بارے میں قوت بینائی سے محروم ایک سکالر عاقب رحمان نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

جتیندر سنگھ

PMGSY کی بدولت سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کے دیہی علاقوں میں ایک مثبت بدلاؤ آ رہا ہے اور یہ علاقے ترقی کی نئی منزلوں کو چھو رہے ہیں۔

NC

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبد اللہ نے آج سرینگر میں پارٹی ہیڈ کواٹر پر کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ نوجوان جموں کشمیر کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی کو یقینی بنانے میں ایک اہم رول ادا کر سکتے ہیں۔

سینک

جموں کشمیر حکومت نے سینک ویلفیر بورڈ جموں کشمیر کے اُس منصوبے کو منظوری دی ہے، جس میں کمیونٹی سلامتی کو مستحکم کرنے کےلئے سابق فوجیوں کو بروئے کار لانے کی تجویز رکھی گئی ہے۔

چھاپے

سٹیٹ انوسٹگیشن ایجنسی کے ایک پریس بیان کے مطابق انہوں نے آج ملی ٹینسی مخالف سے متعلق تحقیقات کو جا ری رکھتے ہوئے وسطی Sleeper Cell Modules کاروائیوں کے تحت اور شمالی کشمیر کے 11 مقامات پر چھاپے مارے۔

شاہین ملاقات

جنتا دل یونائٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے آج لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی اور سرحد پار کی شیلنگ سے متاثرین کے مسائل اُجاگر کئے۔

اطلاع

آکاشوانی سرینگر سے آج شام 7بجکر30منٹ پر نشر ہونے والا کشمیری خبروں کا بلٹن رات ساڑھے8بجے نشر ہو گا۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دورانکہیں کہیں پر ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت31 اعشاریہ5ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 13اعشاریہ9ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 41ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت24اعشاریہ1ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر28 اور

غروب آفتاب شام7بجکر27منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

..........